اطلاع یہ کتاب عامی واسطے اہل اسلام عشر کرے

الذین یتبعون الرسول النبی الامی الذی یجدونہ مکتوبا عندھم فی التوراۃ والانجیل

الحمد للہ والمنہ کہ حضرت ارحم الراحمین کے فضل و کرم سے کتاب مستطاب

بشارت محمدی

تالیف شریف عالم نبیل و فاضل جلیل حافظ قرآن خادم حدیث جناب
مولوی حاجی خواجہ عبد العزیز صاحب محمدی لکھنوی جنہیں جناب حضور عالم کے بیچ
و نشان اور قرآن الشریف جو آپ پر اترا اوسکی بیچ نشان اور آپکی امت
کے بیچ و نشان اور حضرت عیسےٰ کی بیچ و نشان توراۃ
و زبور [illegible]
[illegible]
تبلا ہین اور انجیل پاک
سے

جناب سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیش خبریان لکھی ہین —

بمقام لکھنو محلہ فراشخانہ وزیر گنج تاریخ یکم ماہ محرم سنہ [illegible] ہجری

مطبع حسینی اثنا عشریہ مین سید عابد علی کے اہتمام سے چھپی

بہت گہٹاو بڑہاو کیا ہے اور ترجمون مین تو اور بہی زیادہ تر ابیان والیت مین بہت جگہ کیا ہے
کہ ایک لفظ کے دو معنی ہین جو معنی وہان کہلے ہوسکتے تہے وہ معنی نہین لکہی اور جو معنی وہان
کسیطرح نہین بن سکتے وہ معنی لکہدیے مطلب بگڑ گیا اصل عبرانی سے یہ بہید کہلتا ہے پس تحقیقی
عقل والون کو چاہیے کہ ان کتابونکو دیکہین کہ انکا مطلب صحیح کہان اصل ہے اور کہان جعل
ہے مگر چاہیے کہ ان کتابون کو ادب سے اوٹہاوین تعظیم سے اونچی جگہ رکہین اللہ کی کتابون سے
بے ادبی کرنا بے ایمانونکا کام ہے اور جنکی عقلین پکی ہین اونکو ضرور ہے کہ ان کتابونکا مطلب خوب
طرح تحقیق کرکے پادریونکو قائل کرین پادری کہتی ہین کہ معاذ اللہ تین خدا ہین اور توراۃ اور زبور
اور انجیل مین اول سے آخر تک یہی بیان ہے کہ اللہ اکیلا ہے اوسکا دوسرا کوی نہین اوسکی
آگے سب بے اختیار ہین ہمکو لازم ہے کہ اللہ کا اکیلا ہونا اور حضرت عیسی کا اور سب پیغمبرونکا بندہ ہونا
توراۃ اور انجیل سے ثابت کرکے پادریونکو دکہلاوین اور عیسائی بہائیونکا ایمان تازہ کرین پادری
لوگ قرآن کی ضد کے مارے کہتی ہین کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی خبر کسی کتاب مین نہین تو
ہمپر فرض ہے کہ توراۃ اور زبور اور صحیفون سے اور انجیل سے محمدی بشارتین جمع کرکے پادریونکا
سر نیچا کرین اونہین کا لکہا ہوا اونکو دکہلاوین اور محمدیونکا ایمان پکا کرین اسیطرح ہمکو لازم ہے
کہ قرآن اور حدیث مین جو جو تعریفین حضرت عیسی اور حضرت موسی کی اور سب پیغمبرونکی ہین
اوسکو بہی سب کے سامنے بیان کیا کرین اور جو جہوٹے مسلمان اللہ کے پیغمبرونکو اور اللہ کی کتابونکو
برا کہتی ہین اونکو سب کافرون سے بدتر سمجہکر اونکی صحبت سے بہاگین اور جو لوگ فرشتونکی اور
قیامت اور بہشت اور دوزخ کے منکر ہین اونکو بہی سب کافرون سے بدتر سمجہکر اونسے بہاگین
کیونکہ جو پہلے مسلمان تہے پہر کافر ہوگئے وہ سب کافرون سے بدتر ہین یا اللہ ہمارا ایمان بچائیو
آمین ای ایمانوالو حضرت موسی کی توراۃ اور حضرت داود کی زبور اور حضرت اشعیا اور حضرت
ارمیا اور حضرت حزقیل اور حضرت دانیال اور حضرت زکریا کے صحیفے یہودیونکے پاس عبرانی
زبان مین موجود ہین اور نصاری کی پاس یہ کتابین ہین اور انجیل بہی ہے انجیل عبرانی کمیاب
ہے اوسکا ترجمہ یونانی زبان مین پہیلا ہوا ہے ان سب کتابونکی ترجمے پادریون نے عربی مین اور
فارسی مین اور اردو مین اور انگریزی مین چہاپی ہین اللہ تعالی قرآن مین فرماتا ہے سنریہم آیاتنا